**30.11.2024**
**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آفتاب احمد
Music

..............................................................................

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے پولیس کے اعلیٰ حکام اور مختلف سکیورٹی ایجنسیوں کے سربراہوں کے ساتھ داخلی سکیورٹی سے متعلق کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا ہے۔
- ☆ مرکز نے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے کہا ہے کہ وہ سانپ کے ذریعے ڈسے جانے والے کیسوں کو ایک نوٹیفائیبل بیماری قرار دیں۔
- ☆ مہاراشٹر میں نئی منتخبہ مہایوتی سرکار کی حلف برداری کی تقریب جمعرات کو ہوگی۔
- ☆ سمندری طوفان Fengal تمل ناڈو کے ساحلوں پر پہنچ گیا ہے، جس کی وجہ سے تمل ناڈو اور پڈوچیری کے ساحلی علاقوں میں معمول کی زندگی متاثر ہوئی ہے۔
- ☆ اور بیڈمنٹن میں لکشیہ سین اور پی وی سندھو، سید مودی انڈیا انٹرنیشنل ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ ٹریسا جولی اور گائتری گوپی چند کی بھارتی جوڑی بھی خواتین کے ڈبلز کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

..............................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *PM IDG & IGPC Convention Hall*

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج پولیس کے اعلیٰ حکام اور مختلف سکیورٹی ایجنسیوں کے سربراہوں کے ساتھ قومی سلامتی سے متعلق مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ بھوبنیشور میں جاری پولیس کے ڈائریکٹر جنرلس اور انسپکٹر جنرلز کی آل انڈیا کانفرنس کے دوسرے دن وزیر اعظم نے پولیس کو درپیش مختلف کارروائی جاتی اور ڈھانچہ جاتی معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ داخلی سکیورٹی، نئے فوجداری قوانین، سرحدی سکیورٹی، سائبر کرائم، ماؤنوازوں کا چیلنج جیسے کئی معاملات اور مصنوعی ذہانت اور ڈرون جیسی ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی سے پیدا ہونے والے چیلنجوں اور دہشت گردی مخالف حکمت عملی پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال اور مرکزی داخلہ سکریٹری گوبند موہن کے ساتھ کانفرنس میں موجود تھے۔جناب شاہ نے کُل کانفرنس کا افتتاح کیا تھا۔ مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے پولیس کے ڈائریکٹر جنرلس اور انسپکٹر جنرلس نے جرائم کی روک تھام اور امن وقانون کے انتظام

وانصرام سے متعلق چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے اپنی اپنی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کا خاکہ پیش کیا۔ وزیر اعظم جو جمعہ کی شام بھوبنیشور پہنچے تھے، کل بھی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔x

**LS Speaker OM Birla**

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے نوجوانوں سے اپیل کی ہے کہ وہ بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کا عہد کریں اور ملک کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں۔ فریدآباد میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے لوک سبھا اسپیکر نے کہا کہ بھارت آج عالمی چیلنجوں کو حل کرنے میں ایک اہم طاقت کے طور پر ابھرا ہے۔ جناب برلا نے کہا کہ ملک کا اب دنیا میں ایک شناخت ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ جمہوریت کی طاقت ہے کہ ملک اکیسویں صدی میں تمام شعبوں میں نئے ریکارڈ بنارہا ہے۔

S/B LS Speaker OM Birla

انھوں نے کہا کہ بھارت کے لوگ تعلیم، ادویات، IT اور آٹوموبائل سمیت تمام شعبوں میں اپنی خود اعتمادی، کام کے تئیں لگن، ثقافت، صلاحیت اور تبدیلی کے تئیں جذبہ کی وجہ سے سب سے بہتر ہیں۔x

**Govt. Snakebite**

مرکزی وزارت صحت نے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے کہا ہے کہ وہ سانپ کے ذریعے ڈسے جانے اور اس سے ہونے والی اموات کے کیسوں کو ریاستی صحت عامہ یا دیگر قابل اطلاق قانون کی متعلقہ دفعات کے تحت ایک ایسا مرض قرار دے، جس کی اطلاع متعلقہ حکام کو دینا لازمی ہو۔ سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے پرنسپل سکریٹری اور ایڈیشنل چیف سکریٹری صاحبان کے نام ایک خط میں، مرکزی صحت سکریٹری محترمہ پونیا سلیلا سری واستو نے اس بات پر زور دیا کہ سانپ کے کاٹنے کے کیس، صحت عامہ سے متعلق ایک اہم اور قابل غور تشویش کا معاملہ ہے۔ انہوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ سانپ کے کاٹنے سے خاص طور پر کسانوں اور قبائلی افراد میں جسمانی معذوری سمیت کئی سنگین بیماریاں ہوسکتی ہیں۔محترمہ سری واستو نے بتایا کہ وزارت نے متعلقہ وزارتوں اور فریقوں کے صلاح مشورہ کے ساتھ، سال 2030 تک سانپ کے کاٹنے اور اس کے سبب جسم میں زہر پھیلنے کے واقعات کی روک تھام کی غرض سے ایک قومی عملی منصوبے NAPSE کا آغاز کیا ہے۔ اس کا مقصد 2030 تک سانپ کے کاٹنے سے ہونے والی اموات کی تعداد کو نصف تک کرنا ہے۔ x

**Sithahraman Bihar Visit**

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج قرض تک رسائی کے ایک پروگرام میں 50 ہزار سے زیادہ مستفیدین کو ایک ہزار 121 روپے سے زیادہ مالیت کے قرضوں کی منظوری لیٹرس اور قرضے تقسیم کیے۔ اِس پروگرام کا انعقاد بہار کے مدھوبنی ضلع میں واقع جھنجھار پور میں کیا گیا تھا۔محترمہ سیتا رمن نے پی ایم سوانِدھی، پی ایم وشوکرما، مُدرا، اسٹینڈ اپ انڈیا اور کسان کریڈٹ کارڈ اسکیم کے تحت قرضے تقسیم کیے۔ ان اسکیموں سے فائدہ حاصل کرنے والے

لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ 2047 تک ترقی یافتہ بھارت کے سنگ میل کو حاصل کرنے کیلئے خواتین، ترقی کی انجن ثابت ہوں گی۔اس سے قبل وزیر خزانہ نے اپنی مدد آپ گروپوں کے خواتین ممبران، بالخصوص جیویکا دیدی کے ساتھ بات چیت کی، جو زرعی مصنوعات سمیت اپنے پروڈکٹس کی نمائش کر رہی تھیں۔

S/B: Nirmala Sithahraman

## Mahayuti Take Oath

مہاراشٹر میں نئی منتخبہ مہایوتی حکومت کی حلف برداری تقریب، 5 دسمبر کو شام پانچ بجے ممبئی کے آزاد میدان میں منعقد کی جائے گی۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے مہاراشٹر BJP کے صدر چندر شیکھر Bawan Kule نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی، اس تقریب میں شرکت کریں گے۔

S/B: Mah. BJP President Bawankule

مہایوتی اتحاد، BJP، شندے کی قیادت والی شیوسینا، اور NCP کے اجیت پوار کے گروپ پر مشتمل ہے اور اس نے حالیہ اسمبلی انتخابات میں 288 میں سے 230 سیٹیں حاسل کی ہیں۔ BJP ، 132 سیٹوں کے ساتھ واحد سب سے بڑی پارٹی کے طور پر ابھری ہے جبکہ ایکناتھ شندے کی قیادت والی شیو سینا نے 57 سیٹیں اور اجیت پوار کی قیادت والی NCP نے 41 سیٹیں حاصل کی ہیں۔ x

## EC Congress

الیکشن کمیشن نے زور دے کر کہا ہے کہ مہاراشٹر میں ووٹنگ کے تمام طریقہ کار شفاف تھے اور یقین دلایا ہے کہ وہ کانگریس پارٹی کے ذریعے اٹھائے گئے تمام جائز تشویشوں کا جائزہ لے گی۔ آج اپنے عبوری جواب میں کمیشن نے تشویشوں پر تبادلہ خیال کیلئے 3 دسمبر کو کانگریس پارٹی کے ایک وفد کو مدعو کیا ہے۔کمیشن نے اس بات کا اعادہ کیا ہے کہ انتخابی عمل شفاف تھا جس میں ہر سطح پر امیدوار اور اُس کے ایجنٹ شامل تھے۔ اُس نے زور دے کر کہا ہے کہ تمام سیاسی پارٹیوں کے ساتھ مل کر شفاف طریقے سے انتخابی فہرست کو نئے سرے سے تیار کرنے کام کیا گیا تھا۔ ووٹروں کا ووٹنگ کے عمل میں شامل ہونے کے اعداد وشمار پر انتخابی کمیشن نے کہا کہ اس میں کوئی خامی نہیں تھی اور اعداد وشمار پولنگ اسٹیشن کے حساب سے امیدواروں کے پاس موجود تھے۔x

## Ashwini VaishnavOverall

ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت نے بھارتی نوجوانوں کیلئے روزگار کے زیادہ سے زیادہ مواقع پیدا کرنے کی غرض سے، صنعتی مانگ کے ساتھ ہم آہنگ تعلیم فراہم کرنے پر توجہ مرکوز کر رکھی ہے۔ وڈوڈرہ میں ملک کی پہلی لاجسٹکس یونیورسٹی ''گتی شکتی وشو ودیالیہ'' کے دوسرے جلسۂ تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے اعتماد کا اظہار کیا کہ یہ یونیورسٹی آئندہ پانچ برسوں میں ملک میں چوٹی کی دس یونیورسٹیوں میں شمار کی جائے گی۔

S/B Ashwani Vaishnaw - Gati Shakti

جناب ویشنو نے نہ صرف لاجسٹکس کے شعبے میں، بلکہ سیمی کنڈکٹرس اور ٹاؤن پلاننگ جیسے ابھرتے ہوئے مختلف شعبوں میں بھی، صنعت کے تقاضوں سے ہم آہنگ افرادی قوت تیار کرنے میں، یونیورسٹی کی کوششوں کی ستائش کی۔اس موقع پر انھوں نے گتی شکتی وشو ودیالیہ کے ساتھ نیشنل ہائی اسپیڈ ریل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کوضم کرنے کے منصوبے کا بھی اعلان کیا۔ اس جلسے میں مختلف مضامین کے 239 طلبا میں اسناد تفویض کی گئیں۔x

## Gujarat Visit Aswhwini Vaishnav

اطلاعات و نشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج گجرات کے اپنے ایک روزہ دورے کے دوران، سورت میں Kim کے مقام پر بلیٹ ٹرین کی پٹریوں کے Slab بنانے والی فیکٹری کا دورہ کیا اور وہاں کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ Kim کے مقام پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب ویشنو نے کہا کہ ٹرین کی پٹریوں کے slab تیار کرنے والی یہ ملک کی سب سے بڑی فیکٹری ہے جو اپنی بہترین ٹیکنالوجی کیلئے معروف ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ آنے والے برسوں میں، یہ فیکٹری، مستقبل میں تعمیر سے متعلق مختلف پروجیکٹوں کیلئے انتہائی مفید ثابت ہوگی۔

S/B: Ashwini Vaishnav

وہ، وڈوڈرہ ضلع میں Lakhodra کے مقام پر Plasser انڈیا فیکٹری بھی دیکھنے گئے اور وہاں ریل پٹریوں کی دیکھ بھال سے متعلق دنیا کی سب سے پیچیدہ مشینری کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ x

## Puducherry Cyclone Fengal

پڈوچیری میں سمندری طوفان Fengal کے سبب موسلا دھار بارش ہو رہی ہے اور تیز ہوائیں چل رہی ہیں، جس کے سبب معمولات زندگی بری طرح متاثر ہے۔ تین گھنٹوں سے زیادہ تک ہوئی شدید بارش کی وجہ سے سڑکوں اور نشیبی علاقوں میں پانی بھر گیا ہے۔ مختلف علاقوں کی بجلی کی سپلائی منقطع ہونے کی بھی خبریں ہیں۔ ماہی گیروں سے کہا گیا ہے کہ وہ خراب موسم کے دوران مچھلیاں پکڑنے کیلئے سمندر میں نہ جائیں۔ ضلع کلکٹر نے سنیما ہالوں میں دوپہر اور شام کے شوز منسوخ کر دیئے۔ لوگوں سے زور دے کر کہا گیا ہے کہ وہ بلاضرورت گھر سے باہر نہ نکلیں۔ حکام حالات پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہیں۔ x

## Rev Chennai Fengal Cyclone

جنوب مغربی خلیج بنگال سے اٹھنے والا سمندری طوفان Fengal آج شام تقریباً ساڑھے پانچ بجے مہابلی پورم اور پڈوچیری کے درمیان ساحل تک پہنچنا شروع ہوگیا۔ محکمۂ موسمیات کے علاقائی سربراہ بالا چندرن کے مطابق سمندری طوفان کے ساحل تک مکمل طور پر پہنچنے میں چند گھنٹے لگ سکتے ہیں کیونکہ سمندری طوفان کی رفتار کم ہے۔ سمندری طوفان Fengal، ستّر سے اسّی کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔ آج رات 90 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے جھکّڑ دار ہوائیں چل سکتی ہیں۔ INCOIS کے مطابق تمل ناڈو، پڈوچیری اور جنوبی آندھرا پردیش کے ساحلی علاقوں میں شدید بارش ہوسکتی ہے اور اِن علاقوں سے متصل سمندر میں 3 سے 4 میٹر اونچی لہریں اٹھنے کا امکان

ہے۔ آئندہ 3 دسمبر تک بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Joy

**VC JOY**

شمالی تمل ناڈو کے ساحلی ضلعوں میں طوفان کے سبب ہونے والی بارش نے لوگوں کے معمول کی زندگی کو متاثر کیا ہے۔ کل صبح 4 بجے تک فضائی خدمات کو معطل کر دیا گیا ہے۔ ریاستی سرکار کی بسوں کو ہوائی اڈے پر پھنسے ہوئے مسافروں کو لانے کیلئے لگایا گیا ہے۔ ریل پٹریوں پر پانی بھر جانے کے سبب مضافاتی ٹرین خدمات بھی متاثر ہوئی ہیں۔ 10 سے زیادہ ریگولر ٹرینوں کے اوقات میں تبدیلی کی گئی ہے یا اِن ٹرینوں کو نزدیکی محفوظ ریلوے اسٹیشنوں پر روک دیا گیا ہے۔ جن علاقوں میں پانی بھر گیا تھا، وہاں سے پانی کی نکاسی کر دی گئی ہے۔ نشیبی علاقوں میں رہائش پذیر لوگوں کو محفوظ طور پر دو ہزار سے زیادہ کیمپوں میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ ماہی گیروں سے کہا گیا ہے کہ وہ ماہی گیری کی سرگرمیوں سے دور رہیں۔ ضلع حکام سے کہا گیا ہے کہ وہ حالات کی نگرانی کرتے رہیں اور فاضل پانی کی نکاسی کیلئے مناسب کارروائی کریں۔ سڑکیں آج خالی تھیں کیونکہ تمام دفاتر اور ادارے بند تھے۔

**Defence INS Vikramaditya**

وزارتِ دفاع نے آج INS وکرم آدتیہ کی مرمت اور Dry Docking کیلئے کوچن شپ یارڈ لمیٹڈ کے ساتھ ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیا ہے۔ اِس پر مجموعی طور پر ایک ہزار 200 کروڑ روپئے سے زیادہ خرچ ہوں گے۔ وزارتِ دفاع نے کہا ہے کہ یہ پروجیکٹ کوچن شپ یارڈ کی ترقی کی جانب ایک اہم قدم ہے، جسے بھارت کے صنعتی ایکوسسٹم کی مدد کیلئے ایک رکھ رکھاؤ، مرمت اور جانچ پڑتال کا مرکز بنانا ہے۔ INS وکرم آدتیہ ایک بھارتی طیارہ بردار جہاز ہے جسے نومبر 2013 میں بھارتی بحریہ میں شامل کیا گیا تھا۔ مرمت کے بعد طیارہ بردار جہاز مزید جدید صلاحیتوں کے ساتھ بھارتی بحریہ میں پھر سے شامل کیا جائے گا۔x

**Punjab BSF Seize Ordnes & Heroin**

سرحدی سکیورٹی فورس BSF نے پنجاب میں اِس سال اب تک پاکستان سے غیرقانونی طور پر آنے والے 245 ڈرون کو ضبط کیا ہے، جو منشیات، ہتھیار اور گولہ بارود کی اسمگلنگ سے منسلک ہیں۔ پچھلے سال کے مقابلے یہ دوگنا سے بھی زیادہ ہے۔ البتہ پچھلے سال کے مجموعی ضبط شدہ 440 کلو گرام سے زیادہ ہیروئن کے مقابلے 254 کلو گرام ہیروئن بہت کم ہے۔ سرحد پار سے اسمگلنگ کئے جانے والے ہیروئن کی ضبطگی میں یہ کمی BSF کے ذریعے جسمانی اور تکنیکی نگرانی میں اضافے کی وجہ سے آئی ہے۔ BSF نے پنجاب سرحد پر تین پاکستانی دراندازوں کو ہلاک کیا ہے اور دو اسمگلروں سمیت 31 پاکستانی شہریوں کو حراست میں لیا ہے۔ BSF نے پنجاب کے مختلف سرحدی اضلاع سے 94 بھارتی اسمگلروں کو بھی پاکستانی منشیات کے ساتھ حراست میں لیا ہے۔x

**Badminton**

سید مودی انڈیا انٹرنیشنل بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں بھارت کے سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین مردوں کے سنگلز کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ لکشیہ سین نے سیمی فائنل میں جاپان کے Shogo Ogawa کو اکیس-آٹھ، اکیس-چودہ سے شکست دی۔ فائنل میں اب لکشیہ سین کا مقابلہ سنگاپور کے کھلاڑی Jia Heng Jason Teh سے ہوگا۔اس سے پہلے مشہور بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو خواتین کے سنگلز کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ انہوں نے آج لکھنؤ میں اپنی ہم وطن کھلاڑی Unnati Hooda کو 21-12 ، 21-9 سے ہرایا۔ ٹریسا جولی اور گائتری گوپی چند کی بھارتی جوڑی بھی خواتین کے ڈبلز کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ انھوں نے سیمی فائنل میں تھائی لینڈ کی جوڑی کو اٹھارہ-اکیس، اکیس-اٹھارہ اور اکیس-دس سے ہرایا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆